رول نمبر: _____

جوابی کاپی نمبر: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **متوسطہ سال دوم** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **موضوعات القرآن**

تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: تعظیم نبوی کے حوالے سے صحابہ کرام کا کوئی ایک واقعہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: نبی کریم ﷺ کی دعا کی قبولیت کے حوالے سے کوئی ایک واقعہ قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 3: صلوٰۃ کا لغوی معنی کیا ہے؟ نیز اس کی نسبت اللہ اور فرشتوں کی طرف ہو تو کیا مراد ہوگا؟

سوال نمبر 4: ﴿قَوْلًا سَدِيْدًا﴾ کے متعلق کوئی سے 3 اقوال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: ﴿لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ﴾ کے نزول کے بعد صحابہ کرام کی کیا حالت تھی؟ کوئی سا ایک واقعہ بتایئے۔

سوال نمبر 6: درود پاک نہ پڑھنے کی کوئی ایک وعید تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: غیبت کا معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 8: نیک اعمال کو برباد کر دینے والے کوئی سے تین اعمال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: مخلوق خدا سے مدد مانگنے کے جائز ہونے پر کیا دلیل ہے؟ کوئی ایک آیت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: ﴿اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا﴾ سے معلوم ہونے والی کوئی سی دو باتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: رسول اللہ ﷺ کی خوش طبعی کا کوئی ایک واقعہ قلم بند کیجئے۔

سوال نمبر 12: برے نام رکھنے سے کیا مراد ہے؟ مفسرین کے کوئی سے دو اقوال ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 13: مسلمان کے عیب چھپانے کی کوئی سی ایک فضیلت سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 14: حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سبب امت پر آسانی کیسے ہوئی؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: غفلت کے کوئی سے 2 علاج قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 16: اللہ کی رضا کیلئے دوستی اور دشمنی رکھنے کی کوئی ایک فضیلت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: قول و فعل میں تضاد کی کوئی ایک صورت مختصراً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: حواری کا معنی کیا ہے؟ نیز اس کی جمع بھی بتائیں کہ کیا آتی ہے؟

سوال نمبر 19: رسول خدا ﷺ نے پہلا جمعہ کہاں ادا فرمایا؟

سوال نمبر 20: جمعہ کی نماز چھوڑنے کی کوئی ایک وعید قلمبند کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: غزوہ احزاب کا مختصر بیان تحریر کیجئے نیز یہ بتائیں کہ خندق کن کے مشورے سے کھودی گئی؟

سوال نمبر 2: صلوٰۃ کا لغوی معنی بیان کرتے ہوئے درود پاک کی کوئی سی 5 برکتیں قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر 3: کوئی سے 5 آداب مجلس بیان کرتے ہوئے علم و علما کی فضیلت پر 2 احادیث مبارکہ سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 4: اللہ کے برگزیدہ بندوں (بزرگان دین) کے آخرت سے متعلق مراقبے کے حالات میں سے کوئی ایک واقعہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: اللہ تعالیٰ کے دین کی مدد کرنے کی صورتوں میں سے کوئی سی 4 صورتیں لکھئے۔